Daily QAUMI AKHBAR Karachi

روزنامہ قومی اخبار کراچی

جمعہ یکم ذی قعد 1432ھ 30 ستمبر 2011

الفلاح میں کروڑوں کی اراضی پر قبضے کی کوشش

2 سیاسی جماعتوں کے کارکنوں میں تصادم

پولیس اور رینجرز کا لاٹھی چارج، دونوں سیاسی جماعتوں کے 23 کارکنان گرفتار کر لئے گئے

دونوں گروپوں کے افراد زمین کی ملکیت کے دعویدار، تصادم میں جان محمد نامی شخص زخمی ہوا

رینجرز نے زمین پر سے قبضہ چھڑا لیا، فریقین نے ایک دوسرے کیخلاف مقدمات درج کرا دیئے

تصادم مسلم لیگ ن اور پی پی آئی کے کارکنوں کے درمیان ہوا، پی پی آئی کے صوبائی صدر چوہدری مظہر سمیت 23 کارکنوں کو پکڑا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) الفلاح کے علاقے گولڈن ٹاؤن میں کروڑوں روپے کی زمین پر قبضے کے تنازع پر مسلم لیگ ن اور پی پی آئی کے کارکنوں میں تصادم، ایک شخص زخمی ہوا، پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری نے لاٹھی چارج کے بعد مسلم لیگ اور پی پی آئی کے رہنماؤں حشمت محمود اور چوہدری مظہر سمیت 23 کارکنوں کو گرفتار کر کے ایک دوسرے کے خلاف مقدمات درج کر لئے پولیس کے مطابق الفلاح کے علاقے گولڈن ٹاؤن میں کروڑوں روپے کی اراضی پر دو گروپوں مسلم لیگ ن اور پی پی آئی کے کارکنوں میں تصادم ہوا، ایک گروپ کہتا ہے کہ زمین اسکے نام ہے اور اسکے پاس کاغذات ہیں جبکہ دوسرا گروپ کہتا ہے کہ زمین ریلوے کی ملکیت ہے دونوں گروپوں میں فائرنگ اور پتھراؤ ہوا ایک شخص جان محمد زخمی ہو گیا فائرنگ اور تصادم کی اطلاع ملنے پر پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری وہاں پہنچی اور زمین کا محاصرہ کر لیا اور مزاحمت کے بعد زمین سے قبضہ ختم کرایا لاٹھی چارج بھی ہوا اور مسلم لیگ ن شاہ فیصل کالونی کے رہنما حشمت محمود اور پی پی آئی کے صوبائی صدر چوہدری مظہر سمیت دونوں پارٹیوں کے 23 کارکنوں کو گرفتار کر لیا اور الفلاح پولیس نے دونوں پارٹیوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف مقدمات درج کر لئے۔